خطبات خلفاے راشدین، نصیر الدین حیدر۔ ناشر: مکتبہ القریش، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۴۳۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

مولف نے انتہائی محبت، خلوص اور جانفشانی سے خلفاے راشدین کے مکاتیب، فرامین، مکالمات اور ارشادات کو یکجا کر کے انھیں ایک خوب صورت لڑی میں پرو دیا ہے۔ اس سے چاروں خلفا کی سیرت، ان کے اپنے اقوال کے آئینے میں، نکھر کر قاری کے سامنے آجاتی ہے۔

نبی کریمؐ نے فرمایا: "میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں جس کی پیروی کرو گے، ہدایت پاؤ گے" اور "اللہ تعالیٰ نے میرے انبیاؑ کے علاوہ مخلوق میں سے میرے صحابہؓ کو چھانٹا ہے اور ان میں سے چار کو ممتاز کیا ہے، ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ اور علیؓ۔ ان کو میرے سب صحابہؓ سے افضل قرار دیا ہے"۔ ان ارشادات کے حوالے سے اگر اس کتاب کا مطالعہ کیا جائے تو پتا چلتا ہے کہ رسول پاکؐ کے تربیت یافتہ یہ لوگ اپنے قول اور فعل میں حد درجہ مخلص اور سچے تھے۔ ان کا ایک ایک لمحہ نبی کریمؐ کے عشق اور ان کی سچی پیروی کا آئینہ دار ہے اور یہ اس لیے ہوا کہ ان حضرات گرامی کی زندگی کا ایک ایک پل براہ راست پیغمبر انسانیتؐ کی صحبت اور نگرانی میں بسر ہو چکا تھا۔ اس لیے یہ کہنا بے جا نہیں کہ یہ کتاب بھی دراصل سیرت النبیؐ ہی کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

کتاب میں ایک کمی یہ ہے کہ خطبات، فرامین اور خطوط وغیرہ کے ساتھ حوالے نہیں دیے گئے۔ مزید برآں پروف ریڈنگ احتیاط سے نہیں کی گئی۔ اردو الفاظ کی غلطیوں کے علاوہ آیات قرآنی کی غلطیاں طبیعت پر بہت گراں گزرتی ہیں، مثلاً: ص ۱۰۳، ص ۱۲۷۔ بہرحال یہ کتاب مصنف کی ایک اچھی کوشش ہے۔ قارئین کافی حد تک مستفید ہو سکیں گے۔ (سعید اکرم)

'The Rights of Muslim Woman: An Appraisal [مسلم خواتین کے حقوق: ایک جائزہ]، سید جلال الدین عمری۔ مترجم: شریف احمد خان۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی، چتلی قبر، دہلی ۶۔ صفحات: ۲۲۹۔ قیمت: ۷۰ روپے۔

سید جلال الدین عمری خواتین کے موضوع پر اردو میں چھ کتابیں شائع کر چکے ہیں۔ زیر نظر کتاب، ان کی تصنیف "مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ" کا انگریزی ترجمہ ہے--- ابواب کی تفصیل سے مباحث کی وسعت اور جامعیت کا اندازہ ہوتا ہے: مغرب کا تصور حقوق نسواں اور اس کے نتائج (صنفی انارکی، خاندانی نظام کی شکست وریخت وغیرہ)، مسلم خاتون کے حقوق، مرد کی قوامیت کا مسئلہ، پردہ، خواتین کے معاشی مسائل، حق مہر کی نوعیت، مرد کے لیے ایک سے زائد شادیوں کی اجازت، طلاق، خلع،